SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر X مجریہ ۱۹۸۳

SINDH ORDINANCE NO. X OF 1983

سندھ آبپاشی (ترمیم) آرڈیننس، 1983

THE SINDH IRRIGATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1983

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۱۸۷۹ کی دفعہ نمبر 15-A کا اضافہ

Addition of section of 15-A in Sind Act, VII of 1879

۳۔ نکاسی آب ریٹ کی وصولی

Levy of drainage rate

سندھ آرڈیننس نمبر X مجریہ ۱۹۸۳

SINDH ORDINANCE NO. X OF 1983

سندھ آبپاشی (ترمیم) آرڈیننس، 1983

THE SINDH IRRIGATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1983

[۲۱ اگست ۱۹۸۳]

آرڈیننس جس سے سندھ آبپاشی ایکٹ، 1879 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ آبپاشی ایکٹ، 1879، میں ترمیم کرنا مقصود ہے۔ جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا۔

لہذا اس لئے 5 جولائی 1977 کے اعلان اور عبوری آئین 1981 کے حکم کی تکمیل میں گورنر سندھ بخوشی اس آرڈیننس کو بنا کر نافذ فرماتا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ آبپاشی (ترمیم) آرڈیننس، 1983 کہا جائے گا۔
(2) یہ فوری نافذ العمل ہوگا اس کو اپریل، 1983 کے پہلے دن سے عائد کا سمجھا جائے گا۔

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۱۸۷۹ کی دفعہ نمبر 15-A کا اضافہ
Addition of section of 15-A in Sind Act, VII of

2. سندھ آبپاشی ایکٹ، 1879 میں دفعہ 15 کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ کا اضافہ کیا جائے گا۔

1879 نکاسی آب ریٹ کی وصولی
Levy of drainage rate

”15-A(1) حکومت ایسی زمین پر ڈرینیج ریٹ لاگو کر سکتی ہے، جو سیم اور تھور پر ضابطہ رکھنے اور زمین کو آبادی کے قابل بنانے والے پراجیکٹ کی حدود میں واقع ہے اور جس کو ڈرینیج سہولیات ٹیوب ویلز یا نکاسی کے ذریعے مہیا کی گئی ہے۔

حکومت کی جانب سے مہیا کی گئی ان سہولیات کے متعلق نوٹی فکیشن جاری ہونے کے بعد پہلی دو سیزنل فصلوں پر کوئی ریٹ لاگو نہیں کیا جائے گا۔

(2) حکومت اس دفعہ کے تحت طے کئے گئے قواعد کے مطابق ادا شدہ رقم، لینڈ روینیو کے بقایاجات کے طور پر وصول کریگی۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔